**Fazil / Tausif**

**09-04-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- آسام، کیرالم اور پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے پولنگ شروع ہوگئی ہے۔

2- حکومت نے گھریلو ایئر لائنز کیلئے راحتی اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ ہوائی اڈے کے چارجز میں 25 فیصد کی کٹوتی کی گئی ہے۔

3 - عالمی بینک نے رواں مالی سال کیلئے بھارت کی شرح نمو کا اندازہ، چھ اعشاریہ تین فیصد سے بڑھا کر چھ اعشاریہ چھ فیصد کردیا ہے۔

4- نیوکلیائی توانائی کی بین الاقوامی ایجنسی **IAEA** کے ڈائریکٹر جنرل **Rafael Mariano Grossi** نے تمل ناڈو کے کلا پکّم میں بھارت کی نیوکلیائی حصولیابی کی ستائش کی ہے۔

5- امریکہ کے نائب صدر **JD Vance**، مغربی ایشیا میں جنگ ختم کرنے کے مقصد سے ایران کے ساتھ براہ راست بات چیت کیلئے اسلام آباد میں امریکی وفد کی قیادت کریں گے۔

6- اور **IPL** کرکٹ میں دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں کل گجرات ٹائٹنس نے سنسنی خیز میچ کے آخری اوور میں دہلی کیپٹلز کو ایک رن سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Assembly Polls

آسام، کیرالم اور مرکز کے زیر انتظام علاقے پڈوچیری کے اسمبلی انتخابات کیلئے پولنگ کا عمل شروع ہو گیا ہے۔ آسام کی سبھی 126، کیرالم کی 140 اور پڈوچیری کی 30 سیٹوں کیلئے واحد مرحلے میں ووٹ ڈالے جا رہے ہیں۔ سخت حفاظتی انتظامات کے درمیان رائے دہی کا عمل صبح 7 بجے شروع ہوا۔ انتخابی کمیشن نے آزادانہ، منصفانہ اور پُر امن رائے دہی کو یقینی بنانے کیلئے وسیع تر انتظامات کیے ہیں۔

کیرالم کی 140 سیٹوں کیلئے مجموعی طور پر 883 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ کیرالم میں کُل 2 کروڑ 71 لاکھ ووٹرز ہیں۔ ریاست میں 30 ہزار 495 پولنگ بوتھ قائم کیے گئے ہیں، جن میں سے 2 ہزار 40 مراکز کو حساس قرار دیا گیا ہے۔

سلامتی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں اور پورے کیرالم میں 76 ہزار حفاظتی اہلکار تعینات کیے گئے ہیں، جن میں مرکزی مسلح پولیس فورسز کی 160 کمپنیاں بھی شامل ہیں۔ ×

Puduchery

پڈوچیری اسمبلی کی 30 سیٹوں کیلئے بھی آج ووٹ ڈالے جا رہے ہیں، جہاں 294 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ پڈوچیری میں ایک ہزار 99 انتخابی مراکز قائم کیے گئے ہیں، جن میں سے 209 کو حساس اور 5 مراکز کو انتہائی اہم قرار دیا گیا ہے۔ اِن میں خواتین کے ذریعے چلائے جا رہے 30 Pink پولنگ اسٹیشن، نوجوانوں کے ذریعے چلائے جا رہے 15 پولنگ اسٹیشن اور معذور افراد کے ذریعے چلائے جا رہے دو پولنگ اسٹیشن بھی شامل ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Bibin S Nath**

*پڈوچیری کے ایک ہزار 99 پولنگ اسٹیشنوں پر صبح 7 بجے سے رائے دہی کا عمل معمول کے مطابق جاری ہے۔ سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کی موجودگی میں Mock Polls کا انعقاد کیا گیا تھا۔ امید ہے کہ انتخابی کمیشن کی جانب سے صبح ساڑھے 9 بجے کے قریب پہلے سرکاری رجحانات کا اعلان کیا جائے گا۔ پولنگ مراکز پر موبائل جمع کرنے کے کاؤنٹرز، پینے کے پانی، وہیل چیئرس، ریمپ اور بیٹھنے کے انتظامات کیے گئے ہیں۔*

*گرمی کو دیکھتے ہوئے رائے دہندگان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ احتیاط برتیں اور بچوں کو پولنگ مراکز پرلانے سے گریز کریں۔*

*پڈوچیری سے Bibin S Nath کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں............*

Assam

آسام میں تقریباً ڈھائی کروڑ رائے دہندگان اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ ریاست میں کُل 31 ہزار 490 پولنگ اسٹیشن قائم کیے گئے ہیں، جن میں سے 4 ہزار 21 پولنگ مراکز کا انتظام پوری طرح سے خواتین کے ذمہ ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**S/B - Rakesh Doley**

PM - Polling

وزیر اعظم نریندر مودی نے آسام، کیرالم اور پدوچیری کے رائے دہندگان سے اپیل کی ہے کہ وہ بڑی تعداد میں اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے یہ بات کہی۔

وزیر اعظم نے امید ظاہر کی کہ ریاست کے نوجوان اور خواتین ووٹرس پورے جوش و خروش سے ووٹنگ کے عمل میں حصہ لیں اور اِس چناؤ کو جمہوریت کا جشن اور عوامی فریضہ بنائیں۔

جناب مودی نے کہا کہ چناؤ میں عوام کی غیر معمولی شرکت سے کیرالم کے جمہوری عمل میں حصہ لینے کے جذبے کو مزید تقویت ملے گی۔ وزیر اعظم نے ریاست کے نوجوانوں اور خواتین ووٹروں سے بھی درخواست کی کہ وہ بڑی تعداد میں آگے آئیں اور ووٹنگ میں حصہ لیں۔

جناب مودی نے پدوچیری کے نوجوانوں اور خواتین سے بھی اپیل کی کہ وہ جمہوریت کے اِس عمل کو مستحکم بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر ووٹ پدوچیری کے مستقبل کو ایک نئی شکل دے گا۔×

Govt Airlines

شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے گھریلو ایئر لائنز کو راحت دینے کیلئے کئی اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ جن میں لینڈنگ اور پارکنگ چارجیز میں 25 فیصد کی کمی شامل ہے۔

ایک رپورٹ

**V/C - Rishu**

*اس قدم کا مقصد بھارتی ایئر لائنز کو چلانے پر آنے والے اخراجات کے دباؤ کو کم کرنا اور ایندھن کی عالمی قیمتوں میں اضافے کے باوجود مسافروں کیلئے فضائی سفر کو قابلِ استطاعت ہونے کو یقینی بنایا ہے۔ شہری ہوا بازی کی وزارت نے کہا کہ عالمی سطح پر خام تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کی وجہ سے جہازوں کے ایندھن کی قیمتوں میں بہت زیادہ اضافے سے ہوابازی کے شعبے پر اثر پڑا ہے۔ وزارت نے Airports Economic Regulatory Authority کو تمام ہوائی اڈّوں پر گھریلو پروازوں کیلئے لینڈنگ اور پارکنگ چارجز کو 25 فیصد کم کرنے کی ہدایت دی ہے۔ یہ تخفیف فوری طور پر نافذ ہوگئی ہے اور تین مہینے تک اس پر عمل درآمد جاری رہے گا۔*

*اسی طرح ایر پورٹ اتھارٹی آف انڈیا کو ملک کے دیگر چھوٹے ہوائی اڈّوں پر اسی طرح کی تخفیف کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ سرکار کے تخمینے کے مطابق اس قدم سے تین ماہ کی مدّت کے دوران ایر لائنز کے اخراجات میں تقریباً 400 کروڑ روپے کی کمی آئے گی۔*

*دلّی سے رِشو جیسوال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........*

اس فیصلے کے تعلق سے جناب نائیڈو نے کہا کہ حکومت کی ترجیح مسافروں کیلئے سستے اور آرام دہ سفر کو یقینی بناتے ہوئے ہوابازی کے سیکٹر میں استحکام لانا ہے۔ وزارت نے یہ بھی واضح کیا کہ چارجیز میں کمی کی وجہ سے ہوائی اڈّوں کی آمدنی میں کسی بھی طرح کی کمی کا ازالہ مستقبل میں ٹیرف کے تعین کے دوران کیا جائے گا۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

World Bank India

عالمی بینک نے مضبوط گھریلو مانگ اور آزادانہ تجارتی سمجھوتوں کی بنیاد پر موجودہ مالی سال کیلئے بھارت کی شرح نمو کے اندازے کو 6 اعشاریہ 3 فیصد سے بڑھا کر 6 اعشاریہ 6 فیصد کر دیا ہے۔ عالمی بینک کو امید ہے کہ بھارت جنوبی ایشیاء کی ترقی کی قیادت کرتا رہے گا۔

مضبوط گھریلو مانگ اور برآمداتی لچک کی بدولت بھارت میں مالی سال 2025 کی نمو کے اندازے کو 7 اعشاریہ ایک فیصد سے بڑھا کر مالی سال 2026 میں 7 اعشاریہ 6 فیصد کر دیا گیا تھا۔ اشیاء اور خدمات ٹیکس کو حقیقی شکل دینے اور کم افراطِ زر کی وجہ سے نجی کھپت کی شرح بھی جامع رہی۔ ×

Rev.IAEA India

نیوکلیائی توانائی کی بین الاقوامی ایجنسی، IAEA کے ڈائریکٹر جنرل Rafael Mariano Grossi نے تمل ناڈو کے کلا پکّم میں فاسٹ بریڈر ری ایکٹر کے پروٹو ٹائپ کی صلاحیت حاصل کرنے کی بھارتی حصولیابی کی ستائش کی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Chirag**

*یہ سنگِ میل، ملک کے سودیشی نیوکلیائی پروگرام کی ترقی اور اس کے طویل مدّتی توانائی پائیداری کے حصول کے جانب اہم پیشرفت ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب Grossi نے کلا پکّم میں فاسٹ بریڈر ری ایکٹر کے پروٹو ٹائپ کی صلاحیت حاصل کرنے کی بھارتی حصولیابی کو متاثر کن پیشرفت قرار دیا اور اِسے نیوکلیائی توانائی کے مستقبل میں ایندھن پائیداری کی جانب اہم قدم سے تعبیر کیا۔ جناب Grossi نے بھارت کے تئیں IAEA کی یقین دہانی کو دوہرایا۔ انہوں نے کہا کہ IAEA، بھارت کے محفوظ اور پُرامن نیوکلیائی پروگرام کی ترقی کی حمایت جاری رکھے گی۔*

*دلّی سے چراغ جھا اور معین الدین کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں..........*

Rev. Kutch - Shaurya Diwas

قوم آج سکیورٹی فورسز کی جرات اور عظیم قربانی کو یاد کررہی ہے، جبکہ گجرات میں کچھ ضلع کے سرحدی علاقے میں سردار چوکی پر آج شوریہ دِوس منایا جارہا ہے۔ یہ دن، 1965 کی بھارت-پاکستان جنگ کے دوران، CRPF کی طرف سے غیر معمولی جرات مندی اور بہادری کی یاد میں منایا جاتا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ..................

**VC - Ashraf**

*شوریہ دِوس ہر سال 9 اپریل کو منایا جاتا ہے تاکہ 1965 کی بھارت-پاکستان جنگ کے دوران بھارتی سکیورٹی فورسز کی طرف سے دکھائی جانے والی غیر معمولی جرات اور بہادری کو یاد کیا جاسکے۔ اِس موقع پر سینئر افسران اور فورس کا عملہ، گارڈ آف آنر کے ساتھ شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کرے*

گا، جبکہ بینڈ کی دھن پر بھی خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔

قابل ذکر ہے کہ اپریل 1965 میں پاکستان نے آپریشن **Desert Hawk** کے تحت بھارت کے سرحدی علاقوں پر قبضہ کرنے کی ناکام کوشش کی تھی۔ اُس وقت **CRPF** کی یونٹوں نے کچھ کے **Rann** میں سردار اور **Tak** چوکی میں جرات مندی کا مظاہرہ کیا تھا، جبکہ 9 اپریل کی صبح تقریباً 3 ہزار 500 پاکستانی فوجیوں کے ایک **Infantry Brigade** نے اِن چوکیوں پر اچانک حملہ کر دیا تھا۔

**CRPF** کے عملے نے اِس حملے کو کامیابی کے ساتھ پسپا کرتے ہوئے اپنی غیر معمولی جرات اور بہادری کا مظاہرہ کیا تھا۔ اِس آپریشن میں 34 پاکستانی فوجی ہلاک ہوئے اور 4 کو زندہ پکڑ لیا گیا تھا۔

اِس غیر معمولی جرات مندانہ کارروائی کے دوران، **CRPF** کے سات جوانوں نے عظیم قربانی پیش کی تھی۔ ایک چھوٹا دستا ہونے کے باوجود انہوں نے 15 گھنٹے تک دشمن کی بڑی فوج کو روکے رکھا اور انہیں کامیاب نہیں ہونے دیا۔فوجی تاریخ میں اِسے ایک زبردست کامیابی سمجھا جاتا ہے۔

آکاشوانی نیوز گنج سے **Ashraf Nathvani** کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں

..................

West Asia

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، مغربی ایشیا خطے میں ہفتوں سے جاری جنگ کو ختم کرنے کے مقصد سے ایران کے ساتھ براہ راست بات چیت کیلئے نائب صدر **JD Vance** اور دیگر اعلیٰ افسروں کی قیادت میں ایک وفد اسلام آباد بھیج رہے ہیں۔ وہائٹ ہاؤس کی پریس سکریٹری **Karoline Leavitt** نے کہا ہے کہ مذاکراتی ٹیم میں مشرق وسطی کے خصوصی ایلچی **Steve Witkoff** اور صدر ٹرمپ کے داماد **Jared Kushner** بھی شامل ہوں گے۔ بات چیت کا پہلا دور، ہفتے کی صبح شروع ہوگا۔

ایران کے صدر مسعود پیزیشکیان نے تصدیق کی ہے کہ ایران، پاکستان کے وزیر اعظم **Shehbaz Sharif** کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کے بعد اسلام آباد مذاکرات میں شرکت کرے گا۔

توقع ہے کہ ایران کا وفد پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قلیباف کی قیادت میں بات چیت میں شریک ہوگا۔ جناب قلیباف تہران کی جنگی قیادت میں کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔

اِس دوران، خطے میں خصوصاً لبنان میں جنگ جاری ہے، جہاں اسرائیل، حزب اللہ کے ٹھکانوں کو نشانہ بنا رہا ہے۔ ایران نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ حملے جنگ بندی کی خلاف ورزی ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ دنیا، لبنان میں قتل عام کو دیکھ رہی ہے۔ لبنان کی وزارت صحت نے کہا ہے کہ اسرائیلی حملوں میں کُل 182 افراد مارے گئے ہیں۔×

Lebanon - Israel

لبنان کی وزارت صحت نے کہا ہے کہ اسرائیل کے حالیہ حملوں میں 182 افراد ہلاک ہوگئے، جو اسرائیل-حزب اللہ جنگ کے دوران صرف ایک ہی دن میں ہونے والی سب سے زیادہ ہلاکتیں ہیں۔

اسرائیل نے وسطی بیروت اور لبنان کے دوسرے مقامات پر کئی بڑے حملے کیے، جبکہ امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی پر عمل درآمد شروع ہوگیا ہے۔

ایرانی حکام یہ کہتے رہے کہ جنگ بندی سمجھوتے میں لبنان کو بھی شامل کیا جائے، جبکہ اسرائیل اور امریکہ اِس بات پر زور دیتے رہے کہ ایسا نہ ہو۔ تاہم جنگ شروع ہونے کے بعد سے گزشتہ پانچ ہفتوں سے زیادہ جاری جنگ میں لبنان میں ایک ہزار 739 افراد ہلاک اور 5 ہزار 873 لوگ زخمی ہوئے۔×

Jaishankar Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، آج سے ماریشس اور متحدہ عرب امارات کا سرکاری دورہ کریں گے۔ اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں ڈاکٹر جے شنکر ماریشس جائیں گے، جہاں وہ بحر ہند سے متعلق 9 ویں کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

اپنے دورے کے دوران وزیر خارجہ ماریشس کی قیادت کے ساتھ میٹنگ کریں گے اور باہمی تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیں گے۔ وہ کانفرنس میں کلیدی خطبہ بھی دیں گے۔

اِس موقع پر توقع ہے کہ ڈاکٹر جے شنکر، کانفرنس میں شرکت کرنے والے دیگر ملکوں کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ مذاکرات کریں گے۔

اِس دورے کو بھارت کی پڑوسی مقدم پالیسی، ویژن مہا ساگر اور عالمی جنوب کے تئیں وابستگی کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔

اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں وزیر خارجہ اِس ماہ کی 11 اور 12 تاریخ کو متحدہ عرب امارات کا دورہ کریں گے۔×

India Cop33

بھارت نے، سال 2028 میں موسمیاتی تبدیلی سے متعلق اقوام متحدہ فریم ورک کنونشن، UNFCCC کی 33 وِیں کانفرنس آف پارٹیز، COP-33 کی میزبانی کی اپنی دعویداری واپس لے لی ہے۔ اِس فیصلے سے 2 اپریل کو بھارت-بحرالکاہل گروپ کو آگاہ کر دیا گیا ہے۔ اس سے پہلے بھارت نے سال 2028 میں COP-33 سمٹ کی بھارت میں میزبانی سے متعلق تجویز پیش کی تھی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے دسمبر 2023 میں متحدہ عرب امارات میں COP-28 کے ہائی لیول سیگمنٹ کے افتتاح کے دوران اپنے خصوصی خطاب میں بھارت کی تجویز کا اعلان کیا تھا۔ ×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے، آج شمال مشرقی ریاستوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ آج آسام اور میگھالیہ میں بارش اور ژالہ باری بھی ہوسکتی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ اُڈیشہ، جھارکھنڈ، جموں اور کشمیر، لداخ، ذیلی ہمالیائی

مغربی بنگال اور سکّم میں کل تک گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ اسی طرح کے موسمی حالات آج اروناچل پردیش، بہار، چھتیس گڑھ، گنگائی مغربی بنگال، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی رہ سکتے ہیں۔ اس دوران کرناٹک، کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائکل میں آج موسم گرم اور حبس بھرا رہے گا۔

بھارتی محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ شمال مشرق، وسطی اور مشرقی بھارت میں اگلے 4 دن کے دوران دن کا درجۂ حرارت، اوسط درجۂ حرارت کے قریب رہے گا۔×

IPL Cricket

IPL کرکٹ میں کل رات دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس نے ایک سنسنی خیز میچ میں دہلی کیپٹلز کو ایک رن سے ہرادیا۔ گجرات کی طرف سے جیت کیلئے 210 رن کا نشانہ رکھا گیا تھا، لیکن دہلی کیپٹلز 8 وکٹ کے نقصان پر 209 رن ہی بناسکی۔ راشد خان کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج شام کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں کولکاتہ نائٹ رائیڈرس کا مقابلہ لکھنؤ سپر جائنٹس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھ سات بجے شروع ہوگا۔×

Asian Wrestling Championship

کشتی میں کرغستان کے Bishkek میں ایشین کشتی چیمپئن شپ 2026 میں بھارت کے پہلوانوں نے گریکو-رومن زمرے میں مزید تین تمغے جیتے ہیں، جس میں نتیش Siwach نے چاندی کا تمغہ، جبکہ Prince اور Sachin Sahrawat نے کانسے کے تمغے جیتے۔ اِن تمغوں کے ساتھ بھارت اِس چیمپئن شپ میں پانچ تمغے حاصل کرچکا ہے۔

لِلت Sahrawat نے منگل کو 55 کلوگرام زمرے میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا تھا، جبکہ سُنیل کمار نے 87 کلوگرام کے زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتا تھا۔

کل خواتین کے فری-اسٹائل مقابلے بھی شروع ہوگئے ہیں۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: فہیم احمد

شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے بیشتر اخبارات نے مغربی ایشیاء میں جنگ بندی سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے، دو ہفتوں کیلئے عارضی جنگ بندی، ٹرمپ کا اعلان، ایران میں جشن۔

اخبار انقلاب کی شہ سرخی ہے: اسرائیل اور امریکہ لبنان پر حملے جاری رکھنے پر بضد، جنگ بندی کی خلاف ورزی پر

آبنائے ہُرمز پھر بند۔ اسی اخبار کی ایک اور سرخی ہے: بھارت نے جنگ بندی کا خیر مقدم کیا، بھارتی شہریوں کو فوری طور پر ایران چھوڑنے کا مشورہ۔

اخبار پرتاپ کی ایک شہ سرخی ہے مودی سرکار نے راجستھان کو ریفائنری اور میٹرو کا تحفہ دیا۔

آسام، کیرالہ اور پڈوچیری میں ووٹنگ آج، تمام تیاریاں مکمل، اس خبر کو سبھی اخبارات نے صفحہ اوّل پر جگہ دی ہے۔

شیئر بازار سے متعلق خبر کو بھی اخبار نے نمایاں کرتے ہوئے لکھا ہے، جنگ بندی کی خبر سے جھوم اُٹھا شیئر بازار۔

اخبارات نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے آج ماریشس اور متحدہ عرب امارات کے دورے پر روانہ ہونے سے متعلق خبر کو بھی اہمیت دی ہے۔ ہندوستان ایکسپریس نے حکومت کی طرف سے جاری ہونے والے اس بیان کو قومی صفحہ پر جگہ دی ہے کہ پیٹرول، ڈیزل اور ایل پی جی کی سپلائی مستحکم۔

اخبارات کی دیگر اہم میں بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کا دنیا بھر میں خیر مقدم

☆ اسرائیلی اپوزیشن لیڈر نے جنگ بندی کو نیتن یاہو کی بدترین ناکامی، قرار دیا۔

☆ جنگ بندی کا اثر، تیل کی عالمی منڈی میں گراوٹ، اسٹاک مارکیٹس میں تیزی۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- آسام، کیرالم اور پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے پولنگ شروع ہوگئی ہے۔

2- حکومت نے گھریلو ایئر لائنز کیلئے راحتی اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ ہوائی اڈے کے چارجز میں 25 فیصد کی کٹوتی کی گئی ہے۔

3 - عالمی بینک نے رواں مالی سال کیلئے بھارت کی شرح نمو کا اندازہ، چھ اعشاریہ تین فیصد سے بڑھا کر چھ اعشاریہ چھ فیصد کردیا ہے۔

4- نیوکلیائی توانائی کی بین الاقوامی ایجنسی IAEA کے ڈائریکٹر جنرل Rafael Mariano Grossi نے تمل ناڈو کے کلا پکّم میں بھارت کی نیوکلیائی حصولیابی کی ستائش کی ہے۔

5- امریکہ کے نائب صدر JD Vance، مغربی ایشیا میں جنگ ختم کرنے کے مقصد سے ایران کے ساتھ براہ راست بات چیت کیلئے اسلام آباد میں امریکی وفد کی قیادت کریں گے۔

6- اور IPL کرکٹ میں دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں کل گجرات ٹائٹنس نے سنسنی خیز میچ کے آخری اوور میں دہلی کیپٹلز کو ایک رن سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------